الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 16 مئی، 2017

خیبر پختونخواہ کے مختلف ویلیج، نیبر ہوڈ کونسلوں میں خالی نشستوں پر کل ہونے والے چھٹے ضمنی انتخابات کے لئے انتظامات مکمل۔ مجموعی طور پر ایک لاکھ 52 ہزار سے زائد اپنے رائے دہی کا استعمال کریں گے۔

الیکشن کمیشن نے خبیر پختوانخواہ میں ویلیج/ نیبر ہوڈ کونسلوں کی خالی نشستوں پر کل یعنی 17 مئی 2017 کو منعقد ہونے والے چھٹے ضمنی بلدیاتی انتخابات کے لئے تمام انتظام مکمل کر لئے۔ پریذائڈنگ افسران کو آج انتخابی سامان فراہم کر کے اپنے اپنے پولنگ اسٹیشنوں کو بھجوایا جارہا ہے پولنگ صبح آٹھ بجے شروع ہو کر شام 5 بجے تک بغیر کسی وقفے کے جاری رہے گی۔ 19 مئی کو ریٹرنگ افسران نتائج کا اعلان کریں گے۔ جن اضلاع میں ضمنی بلدیاتی انتخابات ہورہے ہیں ان میں پشاور، نوشہرہ، مردان، کرک، ہنگو، بنوں، لکی مروت، ڈی آئی خان، ایبٹ آباد، بٹگرام، سوات، بونیر، شانگلہ اور اپر دیر شامل ہے۔

ان انتخابات میں مجموعی طور پر ایک لاکھ 52 ہزار سے زائد افراد اپنے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ اس کے لئے مجموعی طور پر 132 پولنگ اسٹیشن اور 362 پولنگ بوتھ قائم کیے گئے ہیں اس طرح کل 135 پریذائڈنگ افسران 362 اسٹنٹ پریذئڈنگ افسران اور 362 پولنگ افسران تعیناتی بھی عمل میں لائی گئی ہے جنہیں باقاعدہ تربیت بھی دی گئی ہے صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخواہ پیر مقبول احمد نے تمام ووٹرز سے اپیل کی ہے کہ وہ بلا خوف وخطر اپنے اپنے پولنگ اسٹیشنوں کو جا کر اپنا حق رائے دہی استعمال کریں انہوں نے کہا کہ ضمنی انتخابات کے پر امن انعقاد کے لئے سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں۔

الیکشن کمیشن نے چیف سیکرٹری خبیر پختونخواہ کو متعلقہ ویلیج اور نیبر ہوڈ کونسلوں میں مقامی چھٹی کرانے کی ہدایت کی ہے تاکہ ووٹرز کو اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے میں آسانی ہو۔

☆☆☆☆☆☆☆